| جنرل ریاضی (آرٹس) | نہم لاہور بورڈ 2021ء | (انشائیہ طرز) |
|---|---|---|
| وقت: 1.45 منٹ | دوسرا گروپ | کل نمبر: 48 |

www.ilmkidunya.com

## حصہ اول

-2 کوئی سے چھ (6) سوالات کے مختصر جوابات لکھیے: 12

(i) $\frac{3}{8}$ کو فیصد کی شکل میں لکھیے اور جہاں ضروری ہو جواب ایک اعشاریہ تک درست ہو لکھیے۔

(ii) اگر ایک اسکول کے طلباء میں سے 45% لڑکیاں ہوں تو لڑکوں کی تعداد فی صد میں کیا ہو گی؟

(iii) اگر a:b = 2:3 ہو تو 6a:2b معلوم کیجیے۔

(iv) نسبت $\frac{2}{3} : \frac{3}{5}$ کو آسان شکل میں لکھیے۔

(v) قیمت فروخت معلوم کیجیے جبکہ قیمت خرید = 950 روپے، نفع = 10%-

(vi) درج شدہ قیمت معلوم کیجیے جبکہ قیمت فروخت = 2400 روپے اور چھوٹ = 4 فیصد۔

(vii) قیمت خرید معلوم کیجیے جبکہ قیمت فروخت = 2640 روپے اور نقصان = 12 فیصد

(viii) وسیم نے 5000 روپے $5\frac{1}{4}\%$ سالانہ شرح پر کماؤنڈ منافع کے لیے لگائے۔ تیسرے سال کے اختتام پر رقم کیا ہو گی؟

(ix) 54000 روپے پر ایک سال کے لیے 12% سالانہ شرح سے منافع معلوم کیجیے۔

-3 کوئی سے چھ (6) سوالات کے مختصر جوابات لکھیے: 12

(i) $\sqrt[3]{27a^9}$ کو مختصر اور جواب قوت نما کی شکل میں لکھیے۔

(ii) $5.1\times10^{-9}$ کو اعشاریہ کی شکل میں لکھیے۔

(iii) log 52.13 کی قیمت لکھیے۔

(iv) $\frac{\log 36}{\log 6}$ کو حل کیجیے۔

(v) 15,00,000 روپے کی مالیت کے سونے پر زکوٰۃ کی کٹوتی معلوم کیجیے۔

(vi) نجیب نے 4,00,000 روپے اپنے ورثہ میں چھوڑے۔ اس نے اپنے پیچھے ایک بیوہ چھوڑی جبکہ ان کے ہاں کوئی بچہ نہ تھا۔ نجیب کی بیوہ کا حصہ معلوم کیجیے۔

(vii) ایک ٹرائی سائیکل کی قیمت 4000 روپے ہے۔ اگر ایک سائیکل پر 16% کی شرح سے سیلز ٹیکس لیا جائے تو ایسے 30 ٹرائی سائیکلوں کی قیمت پر سیلز ٹیکس معلوم کیجیے۔

(viii) اگر ایک شخص کی آمدنی میں کٹوتی کی شکل میں 400 روپے انکم ٹیکس، ہو تو 45000 روپے میں سے اس کے پاس کتنی رقم باقی بچے گی؟

(ix) مصنوعی ذرائع سے پیدا شدہ گندم کی فصل مالیتی 3,50,000 روپے پر عشر معلوم کیجیے۔

-4 کوئی سے چھ (6) سوالات کے مختصر جوابات لکھیے: 12

(i) $a_n = n + 3$ کی پہلی تین رقوم لکھیے۔

(ii) نشاندہی کی گئی رقوم معلوم کیجیے 1, 2, 12, 60 .... $a_7$

(iii) اگر A = {-2, , 4} تو A میں دو ثنائی روابط لکھیے۔

(iv) مواد کا عادہ معلوم کیجیے: 8, 9, 3, 6, 5, 10, 8

(v) نقطہ A = (2, -4) کو گراف پیپر پر ظاہر کیجیے۔

(vi) اگر $°C = \frac{5}{9}(°F - 32)$ ہو تو 97 °F کو سینٹی گریڈ میں تبدیل کیجیے۔

(vii) مواد کا عادہ معلوم کیجیے: 3, 5, 6, 8, 8, 9, 10

(viii) x - 1 اور x + 7 کے درمیان جمعی اوسط معلوم کیجیے۔

(ix) ضربی سلسلہ ........ 2, 8, 32 میں 7 ویں رقم لکھیے۔

## حصہ دوم

نوٹ: کوئی سے تین سوالات کے جوابات لکھیے۔

-5 (الف) 14 گائے 63 کلو گرام چارہ 18 دن میں کھاتی ہیں 28 دن میں 770 کلو گرام چارہ کتنی گائیں کھائیں گی؟ 4

(ب) ایک دوکاندار ایک کپڑے دھونے والی مشین کو 12000 روپے میں فروخت کر کے 8 فی صد نفع حاصل کرتا ہے۔ اگر وہ اُسے 10,500 روپے میں فروخت کرے تو اس کا % نقصان معلوم کیجیے۔ 4

-6 (الف) اگر ایک شخص نے 7,50,000 روپے مالیت کی جائیداد چھوڑی ہو تو اس کی ایک بیوہ، دو بیٹوں اور ایک بیٹی میں ہر ایک کی جائیداد کی مالیت معلوم کیجیے۔ 4

(ب) ثابت کیجیے: $\log\left(\frac{75}{16}\right) + \log\left(\frac{32}{243}\right) - 2\log\left(\frac{5}{9}\right) = \log 2$ 4

-7 (الف) 1250 روپے کتنا عرصہ کے لیے جمع کروائے جائیں کہ 750 روپے سادہ منافع حاصل ہو اگر سادہ منافع 6% سالانہ ہو۔ 4

(ب) 11 اور 19 کے درمیان تین حسابی اوساط معلوم کیجیے۔ 4

-8 (الف) اگر ایک شخص کی مجموعی آمدنی 7,00,000 روپے ہو اور اسے 1,50,000 روپے کی چھوٹ ہو تو 4.5% کی شرح سے کتنا ٹیکس حاصل ہو گا؟ 4